# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 20 July-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۰/جولائی ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

**** **** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ کل سے شروع ہونے والے پارلیمنٹ کے سرمائی اجلاس کے حوالے سے آج کُل جماعتی میٹنگ۔

☆ ترقی یافتہ بھارت کا خواب شرمندۂ تعبیر کرنے کیلئے ٹیکنالوجی کی بنیاد مستحکم کرنے کا کام تیزی سے جاری۔ اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو کا دعویٰ۔

☆ ہنگولی کے سکھی وَن اسٹاپ سینٹر کے کام کاج سے متعلق خواتین کمیشن کا اظہارِ اطمینان۔

اور۔۔۔☆ ریکارڈ 15 لاکھ درخت لگا کر دھاراشیو ضلع کا نام انڈیا ورلڈ آف ریکارڈ اور ایشیا بک آف ریکارڈ میں درج۔

**** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

پارلیمنٹ کا سرمائی اجلاس کل سے شروع ہو رہا ہے۔ اس سلسلے میں حکومت کی جانب سے آج کُل جماعتی میٹنگ طلب کی گئی ہے۔ پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کاروائی درست طور پر چلانے کے لیے تعاون کی اپیل تمام جماعتوں سے کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی موضوع پر بحث ومباحثے کے لیے حکومت تیار ہے۔ 21 اگست تک چلنے والے اس اجلاس کے دوران پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے 21 سیشن ہوں گے۔ جن وشواس اصلاحاتی بل 2025، قومی کھیل انتظامی بل 2025 اور دیگر کئی اہم بل اس اجلاس میں مباحثے کے لیے لائے جانے کی اطلاع کرن رجیجو نے دی۔

**** **** *****

مرکزی وزیر برائے اطلاعات ونشریات اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ ترقی یافتہ بھارت کا خواب شرمندۂ تعبیر کرنے کے لیے ٹیکنالوجی کی بنیادیں مستحکم کرنے کا کام تیزی سے جاری ہے۔ وہ کل حیدرآباد میں انڈین انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی کے جلسۂ تقسیم اسناد سے خطاب کر رہے تھے۔ اعلیٰ درجے کی ٹیکنالوجی اور پروڈکٹس تیار کرنے کی تلقین بھی انہوں نے طلباء کو کی۔

**** **** *****

مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ سائبر سیکوریٹی صرف قومی سلامتی کا معاملہ نہیں ہے۔ ڈیجیٹل سیکوریٹی نوجوانوں کو بھارت کا محافظ بنانے کی سمت ایک اہم قدم ہے۔ ممبئی کے کاندیولی میں اسکل اینڈ کیریئر سنٹر میں DSCI ایڈوانس سائبر اسکل سینٹر کا افتتاح کل وزیر موصوف کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ اس سلسلے میں منعقدہ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گوئل نے کہا کہ یہ مرکز ہر سال تقریباً 1000 نوجوانوں کو تربیت دے گا اور انہیں روزگار کے مزید مواقع حاصل ہونگے۔ یہ مرکز وزیر اعظم کوشل وکاس یوجنا کے تحت قائم کیا گیا ہے۔ پیوش گوئل نے کہا:

**Byte: Piyush Goyal**

**** **** *****

ریاستی خواتین کمیشن کی سربراہ روپالی چاکنکر نے کل ہنگولی کے سکھی ون اسٹاپ کا دورہ کیا اور وہاں جاری کام کا جائزہ لے کر اطمینان کا اظہار کیا۔انہوں نے متاثرہ خواتین اور طالبات سے اپیل کی کہ اس مرکز کی مدد حاصل کر کے وہ اپنے مسائل حل کریں۔کل ہی چاکنکر نے پربھنی میں بھی سکھی ون اسٹاپ کا دورہ کیا اور عملے کو مشورہ دیا کہ اعانت کی امید کے ساتھ اس مرکز پر آنے والی خواتین اور بچیوں کو بہتر خدمات کیسے دی جائے، اس پر توجہ دیں۔اس موقع پر مختلف وال پیپرز اور ادبی و تعلیمی مواد کا اجراء بھی عمل میں آیا۔

**** **** *****

مملکتی وزیر صنعت اندرنیل نائیک نے کہا ہے کہ ریاست کے تمام طبقات کی ہمہ گیر ترقی کے لیے حکومت پر عزم ہے۔سابق وزیر اعلیٰ وسنت راؤ نائیک کی جینتی کی مناسبت سے کل بیڑ ضلع کے گیورائی میں گور بنجارا سماج کے اتحادی اجتماع سے وہ خطاب کر رہے تھے۔اس موقع پر مملکتی وزیر اندرنیل نائیک کو ریاستی سطح کا بنجارہ بھوشن ایوارڈ دیا گیا۔اس کے علاوہ باصلاحیت اور قابل طلباء کا بھی اس جلسے میں استقبال کیا گیا۔

**** **** *****

امداد باہمی کے وزیر بابا صاحب پاٹل کی کوششوں سے لاتور ضلع کی تین گرام پنچایتوں کے لیے حکومت نے 75 لاکھ روپئے کی رقم منظور کی ہے۔یہ رقم احمد پور کے ڈھالے گاؤں، چاکور تعلقے کے چوپالی اور گھرنی گرام پنچایتوں کی نئی عمارتوں کو تعمیر کے لیے استعمال کی جائے گی۔بابا صاحب پاٹل نے اس ضمن میں جاری کردہ ایک بیان میں بتایا ہے کہ یہ کام بہت جلد شروع کر دیا جائے گا۔

**** **** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

**** **** *****

''ایک پیڑ ماں کے نام'' اور ''سبز مہاراشٹر' سبز دھاراشیو'' مہم کے تحت کل دھاراشیو ضلع میں ریکارڈ 15 لاکھ درخت لگا کر ضلع نے انڈیا ورلڈ آف ریکارڈ اور ایشیاء بک آف ریکارڈ میں اپنا نام درج کروالیا۔وزیر ٹرانسپورٹ اور ضلع کے رابطہ وزیر پرتاپ سرنائیک نے کہا ہے کہ ان درختوں کو باقی رکھنے کے لیے انتظامیہ کے ساتھ ساتھ عوام بھی تعاون کریں۔انہوں نے اس موقع پر ضلع کلکٹر کیرتی کرن پُجار اور ضلع پریشد کے چیف ایگزیکیٹو افسر ڈاکٹر میناک گھوش کو اعزاز سے بھی نوازا۔

ضلع کی 243 گرام پنچائتوں، میونسپل کاؤنسلوں اور نگر پنچائتوں میں یہ شجر کاری کی گئی۔تلجاپور کے چکوندرا گاؤں میں امید مہم کے تحت خواتین بچت گرپوں کی خواتین نے تین ہزار پودے لگائے۔اس موقع پر درختوں کے تحفظ اور انہیں باقی رکھنے کے عزم کا بھی اظہار کیا گیا۔

**** **** *****

بیڑ کے یشونت راؤ چوہان پالی ٹیکنک کالج کے پانچ طلبہ کا کیمپس انٹرویو کے ذریعے چین کے گوانگ دونگ میں واقع میڈیا کمپنی کیلئے انتخاب کیا گیا ہے۔یہ طلبہ سراج انصاری' شیخ رحمت انور' اومکار دھائیتونڈے' ابھیشیک جین اور پریم ولاس ہاتھ گڑے ہیں۔کالج کے پرنسپل ڈاکٹر باپوراؤ مارلا پلّے نے بتایا کہ یہ طلبہ 2025 کے تعلیمی سال میں سالِ سوم کے طالبِ علم ہیں اور ان طلبہ کو چین میں تربیت دی جائیگی۔

**** **** *****

ناندیڑضلع کے بھوکر تعلقے کے ساڑواڑی میں آدیواسی آشرم اسکول کے طلباء و طالبات کیلئے طبّی جانچ کیمپ منعقد کیا گیا۔ضلع میڈیکل افسر ڈاکٹر سنگیتا دیشمکھ نے طلبہ کو برسات میں موسم میں احتیاطی تدابیر اور صفائی ستھرائی کی اہمیت سے آگاہ کیا۔انھوں نے ہفتے میں ایک دن خشک دن منانے کی اہمیت بھی واضح کی۔

**** **** *****

شولاپور میونسپل کارپوریشن کے اسسٹنٹ کمشنر روی پوار نے کہا ہے کہ کمزور طبقے سے تعلق رکھنے والے صارفین کی شکایات کو حل کرنے کیلئے عہدیداروں کو انتظامیہ کے ساتھ مل کر کام کرنا چاہیے۔وہ دھاراشیو میں صارف پنچایت کنونشن کے افتتاح کے موقع پر خطاب کر رہے تھے۔اس اجلاس میں ریاست بھر سے تقریباً600 مندوبین شریک ہوئے۔اجلاس آج اختتام پذیر ہوگا۔

**** **** *****

پنڈھرپور کی چندر بھاگا ندی میں ڈوب کر دو خواتین عقیدت مندوں کی موت واقع ہوگئی۔دونوں خواتین کا تعلق جالنہ ضلع کے بھوکردن تعلقے کے دھاوڑا گاؤں سے تھا۔یہ حادثہ کل صبح پیش آیا۔

**** **** *****

آپریشن سندور اور خود کفیل بھارت سے سینئر سائنسداں کاشی ناتھ دیودھر نے بیڑ میں واقع سواتنتر ویر ساورکر ہائی اسکول کے طلبہ سے کل گفتگو کی۔انھوں نے بھارتی فوج کی تیار کردہ کئی میزائیلوں کی تفصیلات سے بھی طلبہ کو پیش کیں۔

**** **** *****

پربھنی ضلع انتخابی شعبے اور ضلع اطلاعاتی دفتر کی جانب سے کل ضلع کلکٹر رگھوناتھ گاوڑے کی صدارت میں مصنوعی ذہانت یعنی آرٹیفیشیل انٹلیجنس ٹکنالوجی پر ایک ورکشاپ منعقد ہوا۔ضلع اطلاعاتی افسر دیویندر سنگھ نے اے آئی ٹکنالوجی اور صحافت پر رہنمائی کی۔مختلف نوعیت کے میڈیا میں نمایاں کارکردگی پر صحافیوں کو اعزازات بھی دیئے گئے۔

**** **** *****

آسٹریلیاء کے سن شائن کوسٹ میں منعقدہ 66ویں بین الاقوامی ریاضی اولمپیاڈ میں بھارتی ٹیم نے تین طلائی‘ دو چاندی کے اور ایک کانسے کا تمغہ جیتا۔مہاراشٹر کے آدتیہ مانگوڑی‘ دہلی کے کنو تلوار اور آروگپتا نے طلائی تمغے جیتے۔

**** **** *****

کل لندن میں ہوئے خواتین کے ایک روزہ بین الاقوامی کرکٹ میچ میں انگلینڈ کی ٹیم نے بھارت کو آٹھ وِکٹوں سے شکست دے دی۔بارش کے باعث یہ میچ 29 اوور کا ہوا۔پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے بھارت کی ٹیم نے آٹھ وکٹ کے نقصان پر 143 رن بنائے۔انگلینڈ کی بلّے بازی کے دوران بھی بارش کے باعث کچھ دیر کیلئے میچ روکا گیا۔بعد میں انگلینڈ کو 24 اوور میں 115 رنوں کا ہدف دیا گیا‘ انگلینڈ نے دو وکٹوں کے نقصان پر یہ ہدف حاصل کرلیا۔تین میچوں کی سیریز میں دونوں ٹیمیں ایک ایک سے برابری پر ہیں۔

**** **** *****

:::::سرخیاں:::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ کل سے شروع ہونے والے پارلیمنٹ کے سرمائی اجلاس کے حوالے سے آج کُل جماعتی میٹنگ۔

☆ ترقی یافتہ بھارت کا خواب شرمندۂ تعبیر کرنے کیلئے ٹیکنالوجی کی بنیاد مستحکم کرنے کا کام تیزی سے جاری۔ اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو کا دعویٰ۔

☆ ہنگولی کے سکھی وَن اسٹاپ سینٹر کے کام کاج سے متعلق خواتین کمیشن کا اظہارِ اطمینان۔

اور۔۔۔☆ ریکارڈ 15 لاکھ درخت لگا کر دھاراشیو ضلع کا نام انڈیا ورلڈ آف ریکارڈ اور ایشیا بک آف ریکارڈ میں درج۔

**** **** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

**** **** *****